PUNJAB
Education Foundation

مراسلہ نمبر: PEF/NI/CIR/08-2026/270 تاریخ: 18 اگست 2026

محترم NSSE پارٹنرز

عنوان: NSSE داخلہ پالیسی میں ترامیم

السلام علیکم!

بحوالہ سرکلر نمبر PEF/NI/CIR/04-2026/186 بتاریخ 28 اپریل 2026ء اور بمطابق منظور شدہ Terms of Reference (ToRs)، تمام پارٹنر تعلیمی اداروں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ NSSE داخلہ پالیسی میں درج ذیل ترامیم کی گئی ہیں جو فوری طور پر نافذ العمل ہیں۔ تمام پارٹنر ادارے ان ہدایات پر مکمل عمل درآمد یقینی بنائیں۔

۱۔ اہلیت کا معیار

PMT سکور 70 یا اس سے کم رکھنے والے طلبہ یا وہ طلبہ جن کے گھرانے کی ماہانہ آمدنی 2 لاکھ روپے سے کم ہو (یہ آمدنی باضابطہ طور پر تصدیق شدہ) داخلے کے اہل ہوں گے۔

۲۔ داخلوں کی زیادہ سے زیادہ حد (Admission Cap)

ہر NSSE کیمپس میں زیادہ سے زیادہ 2,000 طلبہ کا داخلہ ممکن ہے۔ ادارے اپنی دستیاب انفراسٹرکچر کی گنجائش کے مطابق داخلے دے سکتے ہیں۔ سیلف فنانس داخلے کسی بھی صورت میں قابل اجازت نہیں ہیں۔ تمام نشستیں اس پالیسی میں مقررہ اہلیت کے معیار اور کوٹے کے مطابق پُر کی جائیں گی اور PEF کی جانب سے مکمل سبسڈی فراہم کی جائے گی۔

ہر کلاس میں داخلوں کی تقسیم درج ذیل کوٹے کے مطابق ہو گی:

کوٹہ	تفصیل
95 فیصد	PMT سکور 70 یا اس سے کم رکھنے والے پسماندہ طلبہ
5 فیصد	اسکول سے باہر بچے (Out-of-School Children — OOSC)

یہ کوٹہ ہر گریڈ کی سطح پر علیحدہ لاگو ہو گا۔

۳۔کلاس روم کی گنجائش کا تعین

کلاس روم کی گنجائش فی طالب علم 7.5 مربع فٹ کی بنیاد پر طے کی جائے گی۔کلاس روم کی اگلی دیوار (جہاں اسمارٹ بورڈ نصب ہو) کے ساتھ 3 فٹ کی جگہ تدریسی مقاصد کے لیے مخصوص رکھی جائے گی تاکہ تمام طلبہ کو واضح اور آرام دہ نظارہ میسر ہو۔

نوٹ: یہ 3 فٹ کی کٹوتی ایکٹیویٹی رومز اور ECE کلاس رومز پر لاگو نہیں ہو گی۔

عام کلاس رومز:

زیادہ سے زیادہ طلبہ = [(کمرے کی لمبائی (فٹ) − 3 فٹ) × کمرے کی چوڑائی (فٹ)] ÷ 7.5

ایکٹیویٹی رومز اور ECE کلاس رومز:

زیادہ سے زیادہ طلبہ = کمرے کا کل رقبہ (مربع فٹ) ÷ 7.5

۴۔ECE، پریپ اور پہلی جماعت کے داخلے کا جائزہ

ECE اور پریپ: کھیل پر مبنی ترقیاتی جائزہ (Play-Based Developmental Assessment) لیا جائے گا جس میں ذہنی، حسی اور حرکی مہارتیں شامل ہوں گی۔یہ جائزہ پارٹنر سکول کی ذمہ داری ہے۔

پہلی جماعت: مذکورہ بالا مہارتوں کے ساتھ بنیادی تحریری مہارت کا جائزہ بھی شامل ہو گا۔یہ جائزہ بھی پارٹنر سکول کی ذمہ داری ہے۔

دوسری سے نویں جماعت: مرکزی امتحان PEF کی جانب سے تھرڈ پارٹی ٹیسٹنگ ایجنسی کے ذریعے منعقد کیا جائے گا۔

۵۔ سیکشن وائز داخلوں کی تقسیم (40/60)

ہر NSSE کیمپس کے کل داخلوں میں سے:

سیکشن	جماعتیں	حصہ
پرائمری/ECE سیکشن	ECE، پریپ اور پہلی تا پانچویں جماعت	60 فیصد
مڈل/سیکنڈری سیکشن	چھٹی تا دسویں جماعت	40 فیصد

یہ تقسیم فی کیمپس 2,000 طلبہ کی مجموعی حد کے اندر ہو گی۔

۶۔ سیلف فنانس داخلے ممنوع ہیں

واضح رہے کہ سیلف فنانس داخلے کسی بھی صورت میں قابل اجازت نہیں ہیں۔تمام نشستیں اس پالیسی میں مقررہ اہلیت اور کوٹے کے مطابق پُر کی جائیں گی اور PEF کی جانب سے مکمل سبسڈی فراہم کی جائے گی۔

۷۔زیادہ سے زیادہ کلاس سائز

جماعت	زیادہ سے زیادہ طلبہ فی کلاس
ECE/پریپ	30طلبہ
پہلی تا دسویں جماعت	35طلبہ

ہر کیمپس کا کل داخلہ 2,000 طلبہ کی مجموعی حد اور سیکشن 3 میں مقررہ کلاس روم گنجائش سے تجاوز نہیں کرے گا۔

۸۔اگست 2026ء کی ادائیگیاں—صرف تصدیق شدہ طلبہ

ماہِ اگست کی ادائیگیاں صرف ان طلبہ کے حوالے سے جاری کی جائیں گی جن کی PMT اور NADRA کے ذریعے تصدیق مکمل ہو چکی ہو۔ غیر تصدیق شدہ یا زیرِ تصدیق طلبہ کی ادائیگیاں تصدیق مکمل ہونے تک روکی جائیں گی۔

اہم تنبیہ

تمام پارٹنر ادارے ان ہدایات پر فوری اور مکمل عمل درآمد یقینی بنائیں۔ کسی بھی قسم کی خلاف ورزی کی صورت میں PEF پالیسی کے تحت باقاعدہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

خیر اندیش

Murat Bagwan

ڈائریکٹر (New Initiatives)